رول نمبر:_____

جوابی کاپی نمبر:_____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: **عامہ سال دوم** پرچہ: **پہلا** مضمون: **دراسۃ القرآن+التفسیر**

تاریخ: **12-02-2024** دن: **پیر** کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75**

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: سورۃ الرحمن کے آخر میں کیا تذکرہ کیا گیا ہے؟ تعلیمات قران کی روشنی میں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: قرآن کریم نے گزشتہ قوموں کی ہلاکت کے واقعات کیوں بیان کیے ہیں؟

سوال نمبر 3: انسانوں اور جنات کو کس چیز سے پیدا کیا گیا ہے؟

سوال نمبر 4: سورۃ الرحمن کی آیت نمبر 9 میں کس چیز کا حکم دیا گیا ہے؟

سوال نمبر 5: سورۃ الحشر کی آخری تین آیات پڑھنے کی کیا فضیلت ہے؟

سوال نمبر 6: کیا کفار سے دوستی کرکے اللہ پاک کی رضا حاصل کی جاسکتی ہے؟

سوال نمبر 7: نماز جمعہ کی تیاری کب واجب ہوتی ہے؟

سوال نمبر 8: طلاق کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 9: جہنمیوں کو کھانے، پینے کے لئے کیا دیا جائے گا؟

سوال نمبر 10: مداہنت کیا ہے؟

سوال نمبر 11: سورۃ الحاقۃ کا مرکزی مضمون کیا ہے؟

سوال نمبر 12: حضرت نوح علیہ السلام نے کتنے عرصے تک اپنی قوم کو نیکی کی دعوت پیش کی؟

سوال نمبر 13: سورۃ الحجرات کے رکوع اور آیتوں کی تعداد بتائیے۔

سوال نمبر 14: استاد کے ادب کے حوالے سے علامہ آلوسی کا کیا طرز عمل تھا؟

سوال نمبر 15: کن لوگوں سے جنگ کرنا نہ جہاد ہے اور نہ ان کا مال مالِ غنیمت ہے؟

سوال نمبر 16: مسلمان پر بدگمانی کب حرام نہیں؟

سوال نمبر 17: "مسبحات" سورتیں کون سی کہلاتی ہیں؟

سوال نمبر 18: سورۃ الحدید کی سورۃ واقعہ کے ساتھ مناسبت کیا ہے؟

سوال نمبر 19: قیامت کے دن سب سے پہلے زمین کس کے لئے شق ہوگی؟

سوال نمبر 20: بدعت سیئہ کسے کہتے ہیں؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: سورۃ النجم کو "نجم" کہنے کی وجہ، اس کا مرکزی مضمون اور مرکزی مضمون کے علاوہ دو مضمون مزید تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: نبی کریم ﷺ جمعہ کی نماز میں "سورۃ الجمعہ" اور "سورۃ المنافقون" کی تلاوت کیوں فرمایا کرتے تھے؟

سوال نمبر 3: سورۃ القلم کی آیت نمبر 12 میں کافر کے کتنے اور کون کون سے عیب بیان ہوئے ہیں؟

سوال نمبر 4: سورۃ الحجرات کے کوئی سے تین مضامین تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: بدگمانی کے کوئی سے 2 دینی اور ایک دنیاوی نقصان تحریر کیجئے۔

رول نمبر: _____

دستخط طالب علم: _____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: **عامہ سال دوم** پرچہ: **پہلا** مضمون: **دراسۃ القرآن+التفسیر**

تاریخ: **12-02-2024** دن: **پیر** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: _____ دستخط نگران مرکز امتحان: _____ دستخط مقتش: _____

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: ۔۔۔ زبان میں ستارے کو "نجم" میں کہا جاتا ہے؟

(الف) فارسی (ب) ہندی (ج) عربی (د) سندھی

سوال نمبر 2: "سورۃ النجم" میں اللہ تعالی نے ۔۔۔ کی قسم ارشاد فرمائی۔

(الف) چاند (ب) ستارے (ج) سورج (د) دن

سوال نمبر 3: چھوٹے اور بڑے تمام اعمال تفصیل کے ساتھ ۔۔۔ میں لکھے ہوئے ہیں۔

(الف) لوح محفوظ (ب) توریت (ج) انجیل (د) زبور

سوال نمبر 4: ہمارے پیارے نبی ﷺ نے ۔۔۔ میں سر کی آنکھوں سے اللہ پاک کا دیدار کیا۔

(الف) شب قدر (ب) شب براءت (ج) شب معراج (د) شب عرفہ

سوال نمبر 5: ۔۔۔ کی ابتداء میں اللہ پاک کے اسمائے حسنیٰ میں سے ایک نام ذکر کیا گیا ہے۔

(الف) سورۃ الرحمن (ب) سورۃ النجم (ج) سورۃ القمر (د) سورۃ الممتحنہ

سوال نمبر 6: سورۃ الرحمن کو قرآن کی ۔۔۔ کہا گیا ہے؟

(الف) دل (ب) دلہن (ج) دولہا (د) جسم

سوال نمبر 7: چاند کے ۔۔۔ ٹکڑے کرنا ہمارے پیارے نبی ﷺ کا روشن معجزہ ہے۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر 8: خوف خدا رکھنے والے شخص کے لئے ۔۔۔ جنتوں کی خوشخبری ہے۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر 9: سورۃ الواقعہ میں ۔۔۔ آیتیں ہیں۔

(الف) 90 (ب) 92 (ج) 96 (د) 98

سوال نمبر 10: رات کے وقت ۔۔۔ پڑھنے والا فاقے سے محفوظ رہے گا۔

(الف) سورۃ الواقعہ (ب) سورۃ الرحمن (ج) سورۃ النجم (د) سورۃ القمر

سوال نمبر 11: قرآن عظیم کو چھونے کے لئے باوضو ہونا ۔۔۔ ہے۔

(الف) فرض (ب) واجب (ج) سنت (د) مستحب

سوال نمبر 12: رسول اللہ ﷺ سونے سے پہلے "المسبّحات" پڑھتے تھے اور آپ نے فرمایا: ان میں ایک آیت ۔۔۔ آیات سے افضل ہے۔

(الف) 10 (ب) 100 (ج) 1000 (د) 7000

سوال نمبر 13: سورۃ المجادلہ میں ۔۔۔ سے محبت کرنے والے منافقین کی سرزنش کی گئی ہے۔

(الف) عیسائیوں (ب) یہودیوں (ج) مشرکین مکہ (د) بدھ مت والوں

سوال نمبر14: "سورۃالحجرات"۔۔۔میں نازل ہوئی۔

(الف)مدینہ (ب)مکہ (ج)اکثر مدینہ (د)اکثر مکہ

سوال نمبر15: "سورۃالحجرات" سے پہلے۔۔۔ہے۔

(الف)سورۃالواقعہ (ب)سورۃالفتح (ج)سورۃالرحمن (د)سورۃمحمد

سوال نمبر16: نبی کریم ﷺ نے۔۔۔کے بارے میں فرمایا: اے ابو درداء! کیا تم اس کے آگے چلتے ہو جو تم سے بلکہ ساری دنیا سے افضل ہے؟

(الف) حضرت ابو بکر صدیق (ب) حضرت عمر فاروق (ج) حضرت عثمان غنی (د) حضرت علی المرتضی رضی اللہ تعالی عنہم

سوال نمبر17: حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہ کی روایت کے مطابق آیت مبارکہ "لاترفعوااصواتکم"۔۔۔کے بارے میں نازل ہوئی۔

(الف) حضرت اقرع بن حابس (ب) حضرت بلال حبشی (ج) حضرت ثابت بن قیس (د) حضرت علی المرتضی رضی اللہ تعالی عنہم

سوال نمبر18: حضور ﷺ نے حضرت سعد کو۔۔۔ کے بارے میں فرمایا کہ وہ جنت والوں میں سے ہے۔

(الف) حضرت اقرع بن حابس (ب) حضرت بلال حبشی (ج) حضرت ثابت بن قیس (د) حضرت علی المرتضی رضی اللہ تعالی عنہم

سوال نمبر19: حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ تعالی عنہ کا تعلق قبیلہ۔۔۔سے ہے۔

(الف) بنو تمیم (ب) اوس (ج) خزرج (د) بنو نجار

سوال نمبر20: قول۔۔۔ہے کہ "رسول کریم ﷺ کی عزت و حرمت زندگی اور وفات دونوں میں برابر ہے۔

(الف)امام اعظم (ب)امام مالک (ج)امام شافعی (د)امام احمد بن حنبل رضی اللہ تعالی عنہم

سوال نمبر21: صحابی رسول حضرت۔۔۔نے مرنے کے بعد خواب میں وصیت کی اور ان کی وصیت کو نافذ بھی کیا گیا۔

(الف)اقرع بن حابس (ب) بلال حبشی (ج)ثابت بن قیس (د) حضرت علی المرتضی رضی اللہ تعالی عنہم

سوال نمبر22: حضرت۔۔۔جب حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالی عنہ کے گھر علم دین سیکھنے جاتے تو ان کا دروازہ بجانے کے بجائے باہر آنے کا انتظار فرماتے۔

(الف) عبد اللہ بن عباس (ب) عبد اللہ بن عمر (ج) عبد اللہ بن عمرو (د) عبد اللہ بن رواحہ رضی اللہ تعالی عنہم

سوال نمبر23: رسول کریم ﷺ نے حضرت۔۔۔ کو قبیلہ بنی مصطلق کی طرف صدقات وصول کرنے کے لئے بھیجا تھا۔

(الف) عبد اللہ بن عباس (ب)اقرع بن حابس (ج)ولید بن عقبہ (د) عبد اللہ بن رواحہ رضی اللہ تعالی عنہم

سوال نمبر24: ایمان کا کمال۔۔۔سے نصیب ہوتا ہے۔

(الف) عبادت (ب) ریاضت (ج) فضل الٰہی (د) دعاؤں

سوال نمبر25: مظلوم کی فریاد رسی کرنے والے کے لئے۔۔۔ مغفرتیں لکھی جاتی ہیں۔

(الف)70 (ب)72 (ج)73 (د)75

رول نمبر:_____

جوابی کاپی نمبر:_____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: عامہ سال دوم　　پرچہ: دوسرا　　مضمون: الحدیث الشریف+التصوف

تاریخ: 13-02-2024　　دن: منگل　　کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ　　کل نمبر: 75

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: "فمن کانت ھجرتہ الی دنیا یصیبھا او الی امراۃ ینکحھا فھجرتہ الی ما ھاجر الیہ" ترجمہ کیجئے۔

سوال نمبر 2: "و من ھم بسیئۃ فلم یعملھا لم تکتب علیہ و ان عملھا کتبت" ترجمہ کیجئے۔

سوال نمبر 3: نبی کریم ﷺ نے کون سے علم سے پناہ مانگی ہے؟

سوال نمبر 4: نبی کریم ﷺ کے فرمان کے مطابق کوئی ایک ایسا عمل تحریر کیجئے جو عذاب قبر کا سبب ہو۔

سوال نمبر 5: رکوع و سجود میں امام سے پہلے سر اٹھانے والے کے لئے کیا وعید بیان کی گئی ہے؟

سوال نمبر 6: "نھی عن الخصر فی الصلاۃ" میں "خصر" سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 7: "رکعتا الفجر خیر من الدنیا و ما فیھا" ترجمہ کیجئے۔

سوال نمبر 8: "افضل الصیام بعد رمضان شھر اللہ المحرم و افضل الصلاۃ بعد الفریضۃ صلاۃ اللیل" اعراب لگائیے۔

سوال نمبر 9: "من سرہ ان ینجیہ اللہ من کرب یوم القیامۃ فلینفس عن معسر او یضع عنہ" اعراب لگائیے۔

سوال نمبر 10: "یقول اللہ: الیوم امنعک فضلی کما منعت فضل مالم تعمل یداک" ترجمہ کیجئے۔

سوال نمبر 11: شرک کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 12: گمراہی کیا ہے؟

سوال نمبر 13: قران مجید یاد کرکے بھول جانے کے کتاب میں بیان کردہ دونوں سبب تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 14: حج سے محرومی کا کوئی ایک سبب کچھ وضاحت سے تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 15: اللہ و رسول پر جھوٹ باندھنے کا حکم تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 16: بغض و کینہ کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 17: تحقیرِ مساکین سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 18: عنادِ حق کی تعریف کیجئے۔

سوال نمبر 19: نسیانِ موت کی تعریف کیجئے۔

سوال نمبر 20: شماتت کسے کہتے ہیں؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: "من سن فی الاسلام سنۃ حسنۃ فلہ اجرھا و اجر من عمل بھا من بعدہ من غیر ان ینقص من اجورھم شیء و من سن فی الاسلام سنۃ سیئۃ کان علیہ وزرھا و وزر من عمل بھا من بعدہ من غیر ان ینقص من اوزارھم شیء"

اعراب لگا کر روایت کا خلاصہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: قال رسول اللہ ﷺ: "ما من صاحب ذھب و لا فضۃ لا یؤدی منھا حقھا الا اذا کان یوم القیامۃ صفحت لہ صفحائح من نار فاحمی علیھا فی نار جھنم فیکوی بھا جنبہ و جبینہ و ظھرہ" اعراب لگا کر خلاصہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: قال رسول اللہ ﷺ: "اذا قرا ابن ادم السجدۃ فسجد اعتزل الشیطان یبکی یقول: یا ویلہ و فی روایۃ: یا ویلی امر ابن ادم بالسجود فسجد فلہ الجنۃ و امرت بالسجود فابیت فلی النار" ترجمہ کیجئے۔

سوال نمبر 4: جھوٹی قسم کے کوئی 3 سبب تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: خود پسندی کی تعریف، نقصان اور حکم تحریر کیجئے۔

رول نمبر: _____

دستخط طالب علم: _____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: **عامہ سال دوم** پرچہ: **دوسرا** مضمون: **الحدیث الشریف+التصوف**

تاریخ: **13-02-2024** دن: **منگل** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: _____ دستخط نگران مرکز امتحان: _____ دستخط مقتش: _____

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: "عشر حسنات" کا معنی کیا ہے؟

(الف) دس نیکیاں (ب) دس برائیاں (ج) دس اچھائیاں (د) دس خامیاں

سوال نمبر 2: "سبع مائة" کا معنی کیا ہے؟

(الف) سات سو (ب) ساڑھے سات سو (ج) سوا سات سو (د) پونے سات سو

سوال نمبر 3: نیکی کا ارادہ کرکے نیکی نہ کرنے والے کے لئے کتنی نیکیاں لکھی جاتی ہیں؟

(الف) 0 (ب) 1 (ج) 10 (د) 100

سوال نمبر 4: "میں نے تیرا بوسہ اس وجہ سے لیا ہے کہ نبی کریم ﷺ نے تیرا بوسہ لیا تھا" حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ نے یہ کس کو کہا تھا؟

(الف) خانہ کعبہ (ب) حجر اسود (ج) گنبد خضراء (د) جبل رحمت

سوال نمبر 5: نبی کریم ﷺ نے "خیر الحدیث" کس کو فرمایا؟

(الف) سچی بات (ب) کتاب اللہ (ج) سنت (د) حدیث

سوال نمبر 6: بندے کے مرنے کے بعد کتنے عمل جاری رہتے ہیں؟

(الف) 3 (ب) 5 (ج) 7 (د) 9

سوال نمبر 7: "فانطلق و حملا حوتا" میں "حوت" کا معنی کیا ہے؟

(الف) روٹی (ب) سالن (ج) مچھلی (د) گوشت

سوال نمبر 8: روایت کے مطابق "شطر الایمان" مندرجہ ذیل میں سے کیا ہے؟

(الف) الصلوة (ب) الطهارة (ج) الصوم (د) الزکوة

سوال نمبر 9: وضو کے بعد "اشهد ان لا اله الا الله۔۔۔ الخ" کہنے والے کے لئے جنت کے کتنے دروازے کھولے جاتے ہیں؟

(الف) 3 (ب) 4 (ج) 8 (د) 6

سوال نمبر 10: "الروحاء" مدینے سے۔۔۔ میل کی مسافت پر واقع ہے۔

(الف) 30 (ب) 32 (ج) 33 (د) 36

سوال نمبر 11: "الجمل الاحمر" کا معنی کیا ہے؟

(الف) سرخ اونٹنی (ب) سرخ اونٹ (ج) سرخ گائے (د) سرخ گھوڑا

سوال نمبر 12: نبی کریم ﷺ نے کون سی چیز کھا کر مسجد میں جانے سے منع فرمایا ہے؟

(الف) البصل (ب) الثوم (ج) الکرات (د) الف، ب اور ج تینوں

سوال نمبر 13: ۔۔۔ کے احکام کافر اصلی کے احکام سے بھی زیادہ سخت ہیں۔

(الف) عیسائی (ب) یہودی (ج) مرتد (د) مشرک

سوال نمبر14: شرک کس کی قسم ہے؟

(الف) عیسائیت (ب) کفر (ج) ارتداد (د) یہودیت

سوال نمبر15: 41 مرتبہ "یاحی یاقیوم لا الہ الا انت" پڑھنے والے کا دل زندہ رہے گا اور خاتمہ ایمان پر ہوگا۔ یہ وظیفہ کب کرنا ہے؟

(الف) دوپہر (ب) صبح (ج) رات (د) شام

سوال نمبر16: ۔۔۔ کی خرابی عمل کی خرابی سے کہیں زیادہ بری ہے۔

(الف) نماز (ب) عقیدے (ج) روزے (د) حج

سوال نمبر17: سلام کرتے وقت ۔۔۔ تک جھکنا حرام ہے؟

(الف) حد رکوع (ب) حد سجدہ (ج) حد قومہ (د) حد جلسہ

سوال نمبر18: ﴿وَارْكَعُوْا مَعَ الرّٰكِعِيْنَ﴾ میں "رکوع" سے کیا مراد ہے؟

(الف) رکوع (ب) نماز (ج) ایمان (د) سجدہ

سوال نمبر19: شرائط پائی جائیں تو روزہ توڑنے پر ۔۔۔ روزے رکھنا ہوں گے۔

(الف) 3 (ب) 10 (ج) 60 (د) 30

سوال نمبر20: ریاء کے لغوی معنی ۔۔۔ کے ہیں۔

(الف) سنانے (ب) جتلانے (ج) دکھاوے (د) غصہ کرنے

سوال نمبر21: مہلکات کے بارے میں ضروری احکامات کا جاننا مسلمان کے لئے ۔۔۔ ہے۔

(الف) فرض عین (ب) فرض کفایہ (ج) واجب عین (د) واجب کفایہ

سوال نمبر22: ظاہری مہلکات کی تعداد باطنی مہلکات کے مقابلے میں ۔۔۔ ہے۔

(الف) تھوڑی (ب) بہت کم (ج) بہت زیادہ (د) کچھ بھی نہیں

سوال نمبر23: مہلکات کی کتنی اقسام ہیں؟

(الف) 2 (ب) 4 (ج) 6 (د) 8

سوال نمبر24: معاہدہ کرنے کے بعد اس کی خلاف ورزی کرنا ۔۔۔ کہلاتا ہے۔

(الف) خیانت (ب) بدعہدی (ج) مکر (د) قسوۃ

سوال نمبر25: خود کو افضل دوسروں کو حقیر جاننے کا نام ۔۔۔ ہے۔

(الف) خیانت (ب) تکبر (ج) مکر (د) قسوۃ

رول نمبر:_____

جوابی کاپی نمبر:_____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: **عامہ سال دوم** پرچہ: **تیسرا** مضمون: **الفقہ**

تاریخ: **14-02-2024** دن: **بدھ** کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75**

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: "ثم المياه على خمسة اقسام" پانی کی مذکورہ پانچ اقسام میں سے تین کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: فقہ کی روشنی میں قلیل (تھوڑا) پانی کسے کہا جاتا ہے؟

سوال نمبر 3: "سؤر" کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: اگر تھوڑے پانی میں جانور مرا ہوا ملے (پھولا، پھٹا نہ ہو) اور اس کے گرنے کا وقت معلوم نہ ہو تو کب سے نجاست کا حکم لگایا جائے گا؟

سوال نمبر 5: بیت الخلاء سے نکلنے کے بعد کی دعا تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 6: چہرہ کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 7: وضو میں کانوں کا مسح، ترتیب اور قبلہ کی طرف منہ کرنے کا حکم تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 8: "يسن الاغتسال لأربعة أشياء" 3 وہ چیزیں لکھئے جہاں غسل کرنا سنت ہے۔

سوال نمبر 9: "تجوز الصلاة على لبد وجهه الأعلى طاهر والأسفل نجس" عبارت کی تشریح کیجئے۔

سوال نمبر 10: نماز کے ارکان اربعہ میں سے کوئی تین تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 11: پنج وقتہ نمازوں کے علاوہ کون کون سی نمازوں میں امام پر جہری قراءت کرنا واجب ہے؟ کوئی 3 تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 12: نمازی رکوع، سجود و قیام میں اپنی نگاہ کہاں رکھے گا؟

سوال نمبر 13: نماز میں پڑھی جانے والی ثناء تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 14: نماز کی حالت میں منہ میں موجود چیز کی کتنی مقدار نگلنے سے نماز فاسد ہو جائے گی؟

سوال نمبر 15: سنت مؤکدہ کے قعدہ اولیٰ میں کیا کیا پڑھا جائے گا؟

سوال نمبر 16: رات کی نماز افضل یا دن کی نیز زیادہ سجدے افضل یا لمبا قیام؟

سوال نمبر 17: بلا عذر نفل نماز بیٹھ کر پڑھنے کا کیا نقصان ہے؟

سوال نمبر 18: عیدین اور جمعہ کی شرائط میں کیا فرق ہے؟

سوال نمبر 19: روزہ کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 20: روزہ کی اقسام ستہ کے نام تحریر کیجئے۔

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: پاک و ناپاک برتن و کپڑے آپس میں مل جائیں تو تحری کرنے/نہ کرنے کی تمام صورتیں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: "ويكره للمتوضي ستة اشياء" وضو کرنے والے کے لئے چھ مکروہ چیزوں میں سے کوئی 5 تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: صحیح العقیدہ سنی کے امام بننے کے لئے کون کون سی شرائط ہیں؟ کوئی 5 تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: امامت کا زیادہ حقدار کون ہے ترتیب وار ابتدائی 5 مراتب تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: "صلاة الجمعة فرض عين على من اجتمع فيه سبعة شرائط" مذکورہ سات شرائط میں سے کوئی 5 پانچ تحریر کیجئے۔

رول نمبر: _____

دستخط طالب علم: _____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: **عامہ سال دوم** پرچہ: **تیسرا** مضمون: **الفقہ**

تاریخ: **14-02-2024** دن: **بدھ** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: _____ دستخط نگران مرکز امتحان: _____ دستخط مقتش: _____

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: جن پانیوں سے طہارت جائز ہے ان کی تعداد کتنی ہے؟

(الف) 3 (ب) 5 (ج) 7 (د) 9

سوال نمبر 2: نیکی حاصل کرنے کے لئے استعمال کیا جانے والا پانی۔۔۔ ہے۔

(الف) طاہر مطہر (ب) طاہر غیر مطہر (ج) غیر طاہر (د) مشکوک

سوال نمبر 3: آدمی کا جوٹھا پانی۔۔۔ ہے۔

(الف) طاہر مطہر (ب) طاہر غیر مطہر (ج) غیر طاہر (د) مشکوک

سوال نمبر 4: دہ در دہ سے کم پانی میں شراب کا قطرہ گر جائے تو۔۔۔ پانی نکالا جائے گا۔

(الف) تھوڑا (ب) کل (ج) 20 ڈول (د) 40 ڈول

سوال نمبر 5: دہ در دہ سے کم پانی میں مچھلی مر جائے تو پانی کا کیا حکم ہے؟

(الف) ناپاک (ب) پاک (ج) مکروہ (د) مشکوک

سوال نمبر 6: استنجاء کرتے وقت قبلہ کی طرف منہ کرنا۔۔۔ ہے۔

(الف) مکروہ تحریمی (ب) مکروہ تنزیہی (ج) حرام (د) اساءت

سوال نمبر 7: وضو کے ارکان (فرائض) کتنے ہیں؟

(الف) 3 (ب) 4 (ج) 5 (د) 6

سوال نمبر 8۔۔۔ سر کا مسح کرنا فرض ہے۔

(الف) نصف (ب) تہائی (ج) چوتھائی (د) پورے

سوال نمبر 9: نور الایضاح کی روشنی میں گردن کا مسح کرنے کا کیا حکم ہے؟

(الف) اولیٰ (ب) سنت (ج) مستحب (د) واجب

سوال نمبر 10: وضو میں اونچی جگہ بیٹھنے کا کیا حکم ہے؟

(الف) سنت (ب) مستحب (ج) مکروہ (د) خلاف اولیٰ

سوال نمبر 11: نفل نماز کے لئے بے وضو شخص کا وضو کرنے کا کیا حکم ہے؟

(الف) فرض (ب) واجب (ج) سنت (د) مستحب

سوال نمبر 12: غسل کرنے سے پہلے بسم اللہ پڑھنا۔۔۔ ہے۔

(الف) فرض (ب) واجب (ج) سنت (د) مستحب

سوال نمبر 13: غسل کرتے وقت دونوں ہاتھ گٹوں تک دھونے کا کیا حکم ہے؟

(الف) فرض (ب) واجب (ج) سنت (د) مستحب

سوال نمبر14: لیلۃالقدر میں غسل کرنے کا کیا حکم ہے؟

(الف)فرض (ب)مستحب (ج)سنت (د)واجب

سوال نمبر15: تیمّم کی نیت کے درست (صحیح) ہونے کی کتنی شرطیں ہیں؟

(الف)3 (ب)4 (ج)5 (د)6

سوال نمبر16: بچوں کو نماز پڑھنے کا حکم کتنی سال کی عمر میں دیا جائے گا؟

(الف)3 (ب)5 (ج)7 (د)9

سوال نمبر17: مغرب وعشاء کو ایک ساتھ عشاء کے وقت میں پڑھنے کا حکم کونسی جگہ کے لئے ہے؟

(الف)عرفات (ب)مزدلفہ (ج)منٰی (د)مدینہ

سوال نمبر18: اوقات مکروہہ میں نفل نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے؟

(الف)مکروہ تحریمی (ب)مکروہ تنزیہی (ج)حرام (د)اساءت

سوال نمبر19: "**لابدلصحۃالصلوۃ**" نماز کی درستگی کے لئے کتنی چیزیں ضروری ہیں؟

(الف)22 (ب)25 (ج)27 (د)30

سوال نمبر20: نماز میں سورۃالفاتحہ پڑھنے کا کیا حکم ہے؟

(الف)فرض (ب)واجب (ج)سنت (د)مستحب

سوال نمبر21: تکبیر تحریمہ کے وقت ہاتھوں کو کانوں تک اٹھانے کا کیا حکم ہے؟

(الف)فرض (ب)واجب (ج)سنت (د)مستحب

سوال نمبر22: سورۃالفاتحہ کے بعد۔۔۔میں/سے آمین کہنا سنت ہے۔

(الف)آہستہ (ب)دل (ج)زور (د)بہت زور

سوال نمبر23: مقتدی کا امام کے پیچھے قراءت کرنے کا کیا حکم ہے؟

(الف)مکروہ تحریمی (ب)مکروہ تنزیہی (ج)حرام (د)اساءت

سوال نمبر24: نورالایضاح میں نماز کی کتنی سنتیں لکھی گئی ہیں؟

(الف)48 (ب)50 (ج)51 (د)52

سوال نمبر25: نماز مغرب میں کون سی تلاوت کرنی چاہئے؟

(الف)طوال مفصل (ب)قصار مفصل (ج)اوساط مفصل (د)الف اور ج

رول نمبر:_____	**سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ** **کنزالمدارس بورڈ پاکستان**	KANZUL MADARIS BOARD
جوابی کاپی نمبر:_____	درجہ: **عامہ سال دوم** پرچہ: **چوتھا** مضمون: **الصرف** تاریخ: **15-02-2024** دن: **جمعرات** کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75**	

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: علم صرف کو علم صرف کیوں کہتے ہیں؟

سوال نمبر 2: جامد کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: فعل لازم کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: فعل ماضی بعید کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: کسی بھی مصدر سے فعل نفی جحد بلم معروف کی گردان کے ابتدائی تین صیغے (اعراب کے ساتھ) تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 6: فعل نہی معروف بنانے کا طریقہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 7: اسم مبالغہ کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 8: ثلاثی مجرد سے اسم ظرف کون کون سے وزن پر آتا ہے؟

سوال نمبر 9: جس فعل میں بیماری کا معنی پایا جائے تو ثلاثی مجرد سے اس کا مصدر عموما کس وزن پر آتا ہے؟

سوال نمبر 10: الحاق کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 11: رباعی مزید فیہ کے کون کون سے ابواب آتے ہیں؟

سوال نمبر 12: غیر ثلاثی مجرد ابواب سے فعل ماضی مجہول بنانے کا طریقہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 13: "تَنَزَّلُ" میں کون سا قاعدہ استعمال ہوا ہے؟ قاعدہ نمبر بھی بتائیں اور اس کی وضاحت بھی کیجئے کہ قاعدہ کیا ہے؟

سوال نمبر 14: تخفیف کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 15: "یَوْعِدُ" سے "یَعِدُ" کیسے بنا؟

سوال نمبر 16: "کَیْنُوْنَةٌ" اصل میں کیا تھا اور کس قاعدہ کے تحت یہ "کَیْنُوْنَةٌ" بنا؟ قاعدہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 17: "قَوْلٌ" مصدر سے فعل امر حاضر معروف کی گردان تحریر کیجئے۔ (اعراب کی حاجت نہیں)

سوال نمبر 18: ثلاثی مجرد سے ناقص واوی کے کتنے اور کون کون سے ابواب استعمال ہوتے ہیں؟

سوال نمبر 19: "اَسْتَغْفَرْتَ" اصل میں کیا تھا اور کس تعلیل کے سبب ایسا بنا؟

سوال نمبر 20: قطع ماخذ کسے کہتے ہیں؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: حروف اصلیہ وزائدہ کی تعریف و پہچان کا طریقہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: کسی بھی مصدر سے فعل ماضی احتمالی منفی معروف کی گردان تحریر کیجئے۔ (ابتدائی تین صیغوں پر اعراب لگائیں اور ترجمہ کریں نیز صیغہ بھی بتائیں)

سوال نمبر 3: باب "کَرُمَ یَکْرُمُ" سے صرف صغیر کی گردان تحریر کیجئے۔ (اعراب اس طرح لگائیے کہ ایک صیغہ، دوسرے صیغے سے جدا لگے)

سوال نمبر 4: "تصریف" مصدر سے صرف صغیر کی گردان تحریر کیجئے۔ (اعراب اس طرح لگائیے کہ ایک صیغہ، دوسرے صیغے سے جدا لگے)

سوال نمبر 5: ثلاثی مجرد اور مزید فیہ کے کتنے اور کون کون سے ابواب ہیں؟ تمام کے نام لکھئے اور ہر ایک کی ایک ایک مثال ذکر کیجئے۔

رول نمبر: _____	**سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ** **کنزالمدارس بورڈ پاکستان**	KANZUL MADARIS BOARD
	درجہ: **عامہ سال دوم** پرچہ: **چوتھا** مضمون: **الصرف**	
دستخط طالب علم: _____	تاریخ: **15-02-2024** دن: **جمعرات** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**	
	مرکز امتحان: _____ دستخط نگران مرکز امتحان: _____ دستخط مقتش: _____	

حصہ اول: معروضی
کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: کلمہ کی اقسام (اسم، فعل اور حرف) کو۔۔۔ کہا جاتا ہے۔

(الف) سہ اقسام (ب) شش اقسام (ج) ہفت اقسام (د) دہ اقسام

سوال نمبر 2: "کتاب" میں حرف۔۔۔ زائد ہے۔

(الف) ک (ب) ت (ج) ا (د) ب

سوال نمبر 3: "سراج" مندرجہ ذیل میں سے۔۔۔ ہے۔

(الف) ثلاثی مجرد (ب) ثلاثی مزید فیہ (ج) رباعی مجرد (د) رباعی مزید فیہ

سوال نمبر 4: "یَضرِبُ" مندرجہ ذیل میں سے۔۔۔ ہے۔

(الف) ثلاثی مجرد (ب) ثلاثی مزید فیہ (ج) رباعی مجرد (د) رباعی مزید فیہ

سوال نمبر 5: زمانہ کے اعتبار سے فعل کی۔۔۔ قسمیں ہیں۔

(الف) 3 (ب) 5 (ج) 8 (د) 12

سوال نمبر 6: شاذ ابواب کی تعداد۔۔۔ ہے۔

(الف) 3 (ب) 5 (ج) 8 (د) 12

سوال نمبر 7: "فَتَحَ یَفْتَحُ" اور "کَرُمَ یَکرُمُ" کے علاوہ باب۔۔۔ فروع الابواب سے تعلق رکھتا ہے۔

(الف) کَادَ یَکَادُ (ب) حَسِبَ یَحْسِبُ (ج) فَضِلَ یَفْضُلُ (د) سَمِعَ یَسْمَعُ

سوال نمبر 8: ماضی مطلق سے پہلے "قد" لگانے سے ماضی۔۔۔ بنتا ہے۔

(الف) قریب (ب) بعید (ج) استمراری (د) احتمالی

سوال نمبر 9: فعل ماضی سے پہلے "کَانَ" لگانے سے ماضی۔۔۔ بنتا ہے۔

(الف) قریب (ب) بعید (ج) استمراری (د) احتمالی

سوال نمبر 10: ثلاثی مجرد سے فعل ماضی معروف کے۔۔۔ اوزان آتے ہیں۔

(الف) 3 (ب) 5 (ج) 7 (د) 12

سوال نمبر 11: "مَافُعِلَ" مندرجہ ذیل میں سے۔۔۔ ہے۔

(الف) ماضی قریب (ب) ماضی احتمالی (ج) منفی مجہول (د) نفی جحد استمراری

سوال نمبر 12: "کُنَّا فُعِلْنَا" مندرجہ ذیل میں سے۔۔۔ ہے۔

(الف) ماضی قریب (ب) مثبت مجہول (ج) ماضی مطلق (د) نفی جحد استمراری

سوال نمبر 13: فعل ماضی تمنائی کے صیغہ جمع متکلم کی نشاندہی کریں۔

(الف) لَیْتَنَا فعلنا (ب) لَعَلَّنَا فعلنا (ج) لَعَلَّنَا مافعل (د) لیتنا مافعلن

سوال نمبر14: "مَا كُنْتُ اَفْعَلُ" مندرجہ ذیل میں سے ۔۔۔ ہے۔

(الف) واحد متکلم (ب) جمع متکلم (ج) ماضی بعید (د) ماضی قریب

سوال نمبر15: مکررات کو ساقط کرنے کے بعد فعل مضارع کی گردان میں صیغوں کی تعداد ۔۔۔ بچتی ہے۔

(الف) 6 (ب) 8 (ج) 11 (د) 14

سوال نمبر16: "نفی جحد بلم" کا دوسرا نام ۔۔۔ ہے۔

(الف) ماضی لفظی (ب) ماضی معنوی (ج) مضارع لفظی (د) مضارع معنوی

سوال نمبر17: نون ثقیلہ ۔۔۔ صیغوں میں مکسور ہوتا ہے۔

(الف) 6 (ب) 8 (ج) 11 (د) 14

سوال نمبر18: "لَاتَفْعَلَنَّ" مندرجہ ذیل میں سے ۔۔۔ ہے۔

(الف) واحد مؤنث غائب (ب) جمع مذکر غائب (ج) جمع متکلم (د) واحد متکلم

سوال نمبر19: ۔۔۔ کے صیغے صرف فعل لازم سے آتے ہیں۔

(الف) اسم فاعل (ب) اسم مفعول (ج) صفت مشبہ (د) اسم آلہ

سوال نمبر20: اسم آلہ کی ۔۔۔ اقسام ہیں۔

(الف) 3 (ب) 5 (ج) 7 (د) 12

سوال نمبر21: "مَفَرّ" مندرجہ ذیل میں سے ۔۔۔ ہے۔

(الف) اسم ظرف (ب) مصدر (ج) اسم آلہ (د) اسم مبالغہ

سوال نمبر22: فعل تعجب کی بھی وہی شرائط ہیں جو اسم ۔۔۔ کی ہیں۔

(الف) ظرف (ب) تفضیل (ج) آلہ (د) مبالغہ

سوال نمبر23: کبھی کبھار مصدر میمی کے آخر میں ۔۔۔ مضمومہ کا اضافہ کر دیا جاتا ہے۔

(الف) یاء (ب) تاء (ج) باء (د) واؤ

سوال نمبر24: جسے ہم وزن کیا جائے اسے ۔۔۔ کہتے ہیں۔

(الف) مُلْحَقْ (ب) مُلْحِقْ (ج) مُلْحَقْ بِہ (د) مُلْحِقْ بِہ

سوال نمبر25: باب افتعال میں ۔۔۔ کے بعد تاء زائدہ ہوتی ہے۔

(الف) فاء کلمہ (ب) عین کلمہ (ج) لام کلمہ (د) ہمزہ وصلیہ

رول نمبر:_____

جوابی کاپی نمبر:_____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: **عامہ سال دوم** پرچہ: **پانچواں** مضمون: **النحو**

تاریخ: **17-02-2024** دن: ہفتہ کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75**

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: الصاق کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 2: "التصق مروری بمکان یقرب منه زید" اعراب لگا کر ترجمہ کیجئے۔

سوال نمبر 3: "زید بالبلد" کی مثال کس لئے دی گئی ہے؟

سوال نمبر 4: لام زائدہ کی مثال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: "علیه دین" کی ترکیب نحوی کیجئے۔

سوال نمبر 6: "هی تدخل علی المبتدا و الخبر" کی ترکیب نحوی کیجئے۔

سوال نمبر 7: "هی للاستدارک" کی ترکیب نحوی کیجئے۔

سوال نمبر 8: "ما" اور "لا" مشابہ بلیس میں کیا فرق ہے؟

سوال نمبر 9: کونسا "واو" اسم کو نصب دیتا ہے؟

سوال نمبر 10: "اَنْ" ناصبہ کا معنوی عمل مثال کے ساتھ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 11: "حروف تجزم الفعل المضارع" کی ترکیب نحوی کیجئے۔

سوال نمبر 12: شرط اور جزاء کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 13: ہدایۃ النحو کے خطبہ میں ہدایۃ النحو کی بیان کردہ خوبیوں میں سے کوئی دو تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 14: علم نحو کی غرض تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 15: غیر منصرف کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 16: تعریف و تنکیر کے اعتبار سے مبتدا اور خبر کی اصل کیا ہے؟

سوال نمبر 17: "ترخیم المنادی" سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 18: "لقیت عمرو اراکبین" کی مثال میں ذوالحال اور حال کی نشاندہی کیجئے۔

سوال نمبر 19: جمع قلّت کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 20: فعل متعدی کسے کہتے ہیں؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: نحو قوله تعالی: "لا تلقوا بایدیکم الی التهلکة" ترکیب نحوی کیجئے۔

سوال نمبر 2: تمنی اور ترجی کے درمیان فرق کو مثال کے ساتھ واضح کرتے ہوئے "انما زید منطلق" کی ترکیب نحوی کیجئے۔

سوال نمبر 3: مفرد منصرف صحیح کی تعریف، اس کی حالت رفعی، نصبی و جری مثال کے ساتھ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 4: "ویجوز فی مثل لا حول و لا قوة الا بالله خمسة اوجه" عبارت میں خمسة اوجه سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 5: "فصل فی اصناف اعراب الفعل و هی اربعة" فعل کے اعراب کی چار اقسام کون کون سی ہیں؟

رول نمبر: _____

دستخط طالب علم: _____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: **عامہ سال دوم** پرچہ: **پانچواں** مضمون: **النحو**

تاریخ: **17-02-2024** دن: ہفتہ کل وقت: **30** منٹ کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: _____ دستخط نگران مرکز امتحان: _____ دستخط مقتش: _____

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: حروف جارہ کتنے ہیں؟

(الف) 14 (ب) 15 (ج) 17 (د) 19

سوال نمبر 2: "بہ داء" میں "ب۔۔۔کے لئے ہے۔

(الف) الصاق حقیقی (ب) الصاق مجازی (ج) الف اور ب (د) استعانت

سوال نمبر 3: "ذھب اللہ بنورھم" میں "اللہ" اسم جلالت ترکیب کلام میں کیا بنے گا؟

(الف) مفعول بہ (ب) مفعول لہ (ج) فاعل (د) نائب الفاعل

سوال نمبر 4: "الجل للفرس" میں "لام" کونسے معنی میں استعمال ہوا ہے؟

(الف) تعدیہ (ب) اختصاص (ج) تبیین (د) ظرفیہ

سوال نمبر 5: "اللہ لا یؤخر الأجل" میں "لام" کون سے معنی میں استعمال ہوا ہے؟

(الف) تعدیہ (ب) اختصاص (ج) قسم (د) ظرفیہ

سوال نمبر 6: "نحو قولہ تعالی" میں "قول" ترکیب کلام میں کیا بنے گا؟

(الف) مفعول بہ (ب) مجرور بحرف جر (ج) مضاف الیہ (د) مفعول فیہ

سوال نمبر 7: "یغفر لکم من ذنوبکم" میں مضاف الیہ کتنے ہیں؟

(الف) 0 (ب) 1 (ج) 2 (د) 3

سوال نمبر 8: "و قد یکون ما بعدھا داخلا فی ما قبلھا" میں "داخلا" ترکیب کلام میں کیا بنے گا؟

(الف) مبتدا (ب) خبر (ج) فعل ناقص کی خبر (د) مفعول بہ

سوال نمبر 9: "فاغسلوا وجوھکم و ایدیکم الی المرافق" میں کتنے حروف عاطفہ ہیں؟

(الف) 0 (ب) 1 (ج) 2 (د) 3

سوال نمبر 10: "ثم اتموا الصیام الی اللیل" میں "الصیام" ترکیب کلام میں کیا بنے گا؟

(الف) مفعول بہ (ب) مجرور بحرف جر (ج) مضاف الیہ (د) مفعول فیہ

سوال نمبر 11: "رمیت السھم عن القوس" میں "فاعل" کون ہے؟

(الف) السھم (ب) تُ (ج) القوس (د) رمی

سوال نمبر 12: "زیدٌ علی السطح" میں "علی" کس معنی کے لئے استعمال ہوا ہے؟

(الف) الصاق (ب) استعلاء (ج) مصاحبت (د) غایت

سوال نمبر 13: "نظرت فی الکتاب" میں کتنے مفعول بہ ہیں؟

(الف) 0 (ب) 1 (ج) 2 (د) 3

سوال نمبر14: نحو کا موضوع کیا ہے؟

(الف) کلمہ اور کلام (ب) مذکر اور مؤنث (ج) معرفہ اور نکرہ (د) تثنیہ اور جمع

سوال نمبر15: اسم، فعل اور حرف کس کی اقسام ہیں؟

(الف) کلمہ (ب) کلام (ج) مذکر (د) مؤنث

سوال نمبر16: مندرجہ ذیل میں سے جملہ کس کو کہا جاتا ہے؟

(الف) کلمہ (ب) کلام (ج) مذکر (د) مؤنث

سوال نمبر17: "اصناف اعراب الاسم" اسم کے اعراب کی کتنی اقسام ہیں؟

(الف) 3 (ب) 6 (ج) 9 (د) 12

سوال نمبر18: "رایتُ عمر" میں "عمر" کا درست اعراب کیا ہے؟

(الف) عمرُ (ب) عمرِ (ج) عمرَ (د) عمرْ

سوال نمبر19: اسم منقوص کی حالت رفعی کیسے آتی ہے؟

(الف) ضمہ لفظی (ب) ضمہ تقدیری (ج) فتحہ لفظی (د) فتحہ تقدیری

سوال نمبر20: اسمائے مرفوعات کتنے ہیں؟

(الف) 4 (ب) 8 (ج) 12 (د) 16

سوال نمبر21: کسرہ اور تنوین کس پر نہیں آتی؟

(الف) غیر منصرف (ب) جمع مکسر (ج) اسم مکسور (د) جاری مجری صحیح

سوال نمبر22: "ضرب موسی عیسی" میں فاعل کو مقدم کرنا۔۔۔ ہے۔

(الف) واجب (ب) جائز (ج) ممنوع (د) نامناسب

سوال نمبر23: تعریف و تنکیر میں مبتدا کی اصل کیا ہے؟

(الف) نکرہ (ب) معرفہ (ج) مذکر (د) مؤنث

سوال نمبر24: "ضرب عمرو ازید" میں "عمرو" کیا ہے؟

(الف) مفعول فیہ (ب) مفعول بہ (ج) فاعل (د) نائب الفاعل

سوال نمبر25: ہدایۃ النحو کون سی کتاب کی ترتیب پر لکھی گئی کتاب ہے؟

(الف) جامی (ب) مائۃ عامل (ج) کافیہ (د) النحو الواضح

رول نمبر:_____

جوابی کاپی نمبر:_____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: عامہ سال دوم　　پرچہ: چھٹا　　مضمون: اللغۃ العربیۃ

تاریخ: 19-02-2024　　دن: پیر　　کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ　　کل نمبر: 75

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: "استطیع ان اعرب هذه الجملة" کا اردو ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: "اراک فی الموعد" کا اردو ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: "اریدسمکا و دجاجا" کا اردو ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: "عمری تسع سنوات" کا اردو ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: "یہ نمک کی ڈبی ہے" کا عربی ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 6: "آپ کے سر میں درد ہے" کا عربی ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 7: "آپ فائل بھیجوگے" کا عربی ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 8: تعلیمی نصاب کو عربی میں کیا کہتے ہیں؟

سوال نمبر 9: "پونے نو" کی عربی کیا بنے گی؟

سوال نمبر 10: "اربع ساعات" کا معنی چار گھنٹے ہے، تو آٹھ گھنٹوں کو عربی میں کیا کہا جائے گا؟

سوال نمبر 11: "اب" اور "ام" کا مرادف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 12: "متی تصلی الفجر جماعة؟" کا عربی میں جواب تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 13: "کم تریدمنی؟" کا عربی میں جواب تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 14: "کم فردا فی اسرتک"؟ کا عربی میں جواب تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 15: کم اخا لدیک؟ کا عربی میں جواب تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 16: هل حضر جمیع الطلاب؟ کا عربی میں جواب تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 17: "هل تعرفنی؟" کا عربی میں جواب تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 18: این کنت یوم امس؟ کا عربی میں جواب تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 19: من یُسمِع الدرس السابق؟ کا عربی میں جواب تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 20: خالی جگہ پر کریں۔ اعمل سبع۔۔۔۔ (ساعة، ساعات، ساعتین)

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: "ان اسرة سالم من العراق، له ولدان و ابنة، سالم مدیر شرکة، و زوجته فاطمة ربة منزل و ابنه الاکبر خالد طبیب اسنان"

مذکورہ پیراگراف کا ترجمہ کرتے ہوئے خط کشیدہ الفاظ کے معانی تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: خالد اور حسان کی گھر کے بارے میں کی جانے والی گفتگو کے چار جملے (علاوہ سلام و دعا) عربی میں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: "حسن طالب فی الجامعة، یدرس العلوم الشرعیة فی الجامعة، و یذهب الی الجامعة بالحافلة، و یدرس ست حصص فی الیوم، و یذهب فی الاستراحة الی المقصف"

یہ پیراگراف "حسن طالب" سے بنایا گیا ہے، آپ اسی پیراگراف کو "زینب طالبة" میں تبدیل کردیں۔

سوال نمبر 4: "سجادة"، "سریر"، "اطباق" اور "سخان" کے جملہ مفیدہ بنائیے۔

سوال نمبر 5: "کم یوما فی الاسبوع؟" کا عربی میں جواب دیتے ہوئے ہفتے کے سات دنوں کے نام عربی میں تحریر کیجئے۔

رول نمبر: _____

دستخط طالب علم: _____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: **عامہ سال دوم** پرچہ: **چھٹا** مضمون: **اللغۃالعربیۃ**

تاریخ: **19-02-2024** دن: **پیر** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: _____ دستخط نگران مرکز امتحان: _____ دستخط مقتش: _____

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: "عائلة" کا معنی کیا ہے؟

(الف) محتاج (ب) فیملی (ج) پریشان (د) دشمن

سوال نمبر 2: "مؤظف حکومی" کا معنی کیا ہے؟

(الف) سرکاری ملازم (ب) پرائیویٹ ملازم (ج) حاکم (د) وزیر اعظم

سوال نمبر 3: "عم" کا مرادف کیا ہے؟

(الف) اخو الاب (ب) شقیق الولد (ج) ابن اخ (د) ابن اخت

سوال نمبر 4: "سنة" کی جمع کیا آتی ہے؟

(الف) سنون (ب) سنوات (ج) عام (د) عامون

سوال نمبر 5: "خمسة عشر عاما" کا معنی کیا ہے؟

(الف) پندرہ دوست (ب) پندرہ بھائی (ج) پندرہ سال (د) پندرہ دشمن

سوال نمبر 6: "دراجتی النارية" کا معنی کیا ہے؟

(الف) میری سائیکل (ب) میری کار (ج) میری موٹر سائیکل (د) میرا ہیلمٹ

سوال نمبر 7: "حفل الزواج" کا معنی کیا ہے؟

(الف) منگنی کی محفل (ب) شادی کی محفل (ج) مہندی کی محفل (د) گلی کوچوں کی محفل

سوال نمبر 8: "المستشفى" کا معنی کیا ہے؟

(الف) اسکول (ب) اسپتال (ج) کالج (د) اسٹیشنری

سوال نمبر 9: "اَلْكَسَلُ" کا معنی ہے۔

(الف) سستی (ب) چستی (ج) بزدلی (د) بہادری

سوال نمبر 10: "بس" کو عربی میں کیا کہتے ہیں؟

(الف) دراجة (ب) قطار (ج) حافلة (د) مطار

سوال نمبر 11: بازار کو عربی میں کیا کہتے ہیں؟

(الف) السوق (ب) مكتب (ج) طريق (د) عمة

سوال نمبر 12: "دور" کا معنی کیا ہے؟

(الف) فلیٹ (ب) فلور (ج) محل (د) دکان

سوال نمبر 13: "تُقِيمِينَ" کا باعتبار صیغہ ترجمہ ۔۔۔ ہے۔

(الف) وہ رہتی ہے (ب) میں رہتا ہوں (ج) ہم رہتے ہیں (د) تو رہتی ہے

سوال نمبر14: "مِرْاٰۃ" کا معنی کیا ہے؟

(الف) مرد (ب) عورت (ج) آئینہ (د) دل

سوال نمبر15: "مُمَرِّض" کا معنی کیا ہے؟

(الف) بیمار (ب) ڈاکٹر (ج) تیماردار (د) دوست

سوال نمبر16: "بقال" کا معنی کیا ہے؟

(الف) دکاندار (ب) آفس (ج) جامعہ (د) لائبریری

سوال نمبر17: "مصنع" کا معنی کیا ہے؟

(الف) دکاندار (ب) آفس (ج) کارخانہ (د) لائبریری

سوال نمبر18: "مکتب" کا معنی کیا ہے؟

(الف) جامعہ (ب) آفس (ج) کارخانہ (د) لائبریری

سوال نمبر19: "محل الحلویات" کا معنی کیا ہے؟

(الف) کھجور کی دکان (ب) مٹھائی کی دکان (ج) بیکری (د) موبائل کی دکان

سوال نمبر20: "ست حصص" کا معنی کیا ہے؟

(الف) چھ کمرے (ب) چھ استاد (ج) چھ پریڈ (د) چھ طلبہ

سوال نمبر21: "اَسْتَطِیْعُ" کا باعتبار صیغہ ترجمہ "---

(الف) وہ طاقت رکھتا ہے (ب) میں طاقت رکھتا ہوں (ج) ہم طاقت رکھتے ہیں (د) تو طاقت رکھتا ہے

سوال نمبر22: "شھر واحد" کا معنی کیا ہے؟

(الف) ایک ہفتہ (ب) ایک مہینہ (ج) ایک سال (د) ایک صدی

سوال نمبر23: "ثلاثون سنة" کا معنی کیا ہے؟

(الف) 3 سال (ب) 30 سال (ج) 33 سال (د) 35 سال

سوال نمبر24: "حمّی" کی اردو کیا ہو گی؟

(الف) زکام (ب) بخار (ج) کھانسی (د) متلی

سوال نمبر25: "الآن" کا معنی کیا ہے؟

(الف) اب (ب) کب (ج) تب (د) جب